Consulate General of the United States – Karachi, Pakistan

PRESS RELEASE

21 اکتوبر 2014

برائے رابطہ: لی پنگ لو، ترجمان

021-35275000

برائے فوری ترسیل

امریکی حکومت کی جانب سے شاہ عبداللطیف یونیورسٹی خیرپور میں فیکلٹی آف ایجوکیشن کی عمارت کی تعمیر

خیرپور۔ کراچی میں متعین امریکی قونصل جنرل برائن ہیتھ اور وزیر تعلیم سندھ نثار احمد کھوڑو نے امریکی ادارہ برائے بین الاقوامی ترقی (USAID) کے ذریعے 9.1 ملین ڈالر کی لاگت سے شاہ عبداللطیف یونیورسٹی میں تعمیر کی جانے والی فیکلٹی آف ایجوکیشن کی عمارت کا افتتاح کیا۔ اس موقع پر وائس چانسلر شاہ عبداللطیف یونیورسٹی ڈاکٹر پروین شاہ، سیکریٹری تعلیم فضل اللہ پیچوہو، ڈائریکٹر ہائر ایجوکیشن کمیشن سندھ ڈاکٹر عتیق الرحمان، اساتذہ اور طلبا کی بڑی تعداد بھی موجود تھی۔

اس موقع پر منعقد ہونے والی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے قونصل جنرل برائن ہیتھ نے کہا کہ 'اس منصوبے کی تکمیل امریکی حکومت کی جانب سے پاکستان میں تعلیم کے فروغ کیلیے کی جانے والی کوششوں کا حصہ ہے۔ امریکہ پاکستان میں اعلیٰ تعلیم کے اداروں کے معیار کو مزید بہتر بنانے کیلیے اقدامات کر رہا ہے۔' قونصل جنرل کا مزید کہنا تھا کہ 'گذشتہ کئی دہائیوں میں پاکستان اور امریکہ نے باہمی اشتراک سے اعلیٰ تعلیم کے کئی مراکز قائم کیے ہیں جو اپنے معیار اور پیشہ ور آنہ صلاحیتوں کی وجہ سے جانے جاتے ہیں۔'

وزیر تعلیم سندھ نثار احمد کھوڑو کا کہنا تھا کہ 'شاہ عبداللطیف یونیورسٹی میں قائم کی جانی والی فیکلٹی آف ایجوکیشن کے ذریعے اساتذہ کی تربیت میں مدد ملے گی۔ یہ منصوبہ پاکستان اور امریکہ کے درمیان مظبوط عوامی اور حکومتی رابطوں کی بہترین مثال ہے۔'

شاہ عبداللطیف یونیورسٹی میں تعمیر کی جانے والی فیکلٹی آف ایجوکیشن کی عمارت 1500 اسکوائر فٹ سے زائد رقبے پر محیط ہے جس میں چھ کلاس رومز، تین سیمینار ہالز، لائبریری اور لیب تعمیر کی گئی ہے۔ اس ماحول دوست عمارت میں معذور افراد کیلیے لفٹ اور وائی فائی انٹرنیٹ کی سہولیات بھی موجود ہیں۔ شاہ عبداللطیف یونیورسٹی خیرپور میں فیکلٹی آف ایجوکیشن کی تعمیر USAID کی جانب سے پاکستان کی مختلف جامعات میں جاری اسی نوعیت کے دیگر چھ منصوبوں کا حصہ ہے۔ ان منصوبوں میں سے تین سندھ کی جامعات میں جاری ہیں جن میں سندھ یونیورسٹی حیدرآباد اور کراچی یونیورسٹی شامل ہیں۔ اگلے مرحلے میں پاکستان بھر کی جامعات میں مزید 10 فیکلٹی آف ایجوکیشن کی عمارتیں تعمیر کی جائیں گی۔

صوبہ سندھ میں USAID کے جاری منصوبوں کے بارے میں مزید معلومات کیلیے امریکی قونصل خانے کراچی کو سوشل میڈیا پر فالو کیجئے:

Facebook: www.facebook.com/karachi/usconsulate

Twitter:@usconsulatekhi

####